1۔ ذیل میں شعراء کے نام اور ان کی سنہ وفات دی گئی ہیں۔ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

| شعراء کے نام | سنہ وفات |
| --- | --- |
| 1۔ میر تقی میر | الف۔ 1927 |
| 2۔ مومن خاں مومن | ب۔ 1852 |
| 3۔ شاد عظیم آبادی | ج۔ 1951 |
| 4۔ حسرت موہانی | د۔ 1810 |

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| (A) | الف | ب | ج | د |
| (B) | د | ج | ب | الف |
| (C) | ج | د | ب | الف |
| (D) | د | ب | الف | ج |

2۔ صنف مرثیہ کے لیے مسدس کی ہیئت کس نے متعین کی؟

(A) سکندر پنجابی

(B) مرزا خلیق

(C) مرزا محمد رفیع سودا

(D) میر ببر علی انیس

3۔ وہ کون شاعر ہے جو خود کو آتش پرست کہا کرتا تھا؟

(A) یاس یگانہ چنگیزی

(B) دیا شنکر نسیم

(C) شاد عظیم آبادی

(D) شاہ نصیر

4۔ مومن خاں مومن سے متعلق بیانات بغور پڑھئے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

(i) مومن کی غزلوں میں قمار بازی نمایاں نظر آتی ہے

(ii) معاملہ بندی مومن کے کلام کا خاص وصف ہے

(iii) مومن کی غزلوں کا دائرہ حسن وعشق تک محدود ہے

(iv) مومن نے اپنی شاعری کو ایہام گوئی سے عبارت کررکھا تھا

(A) (i) اور (iii)

(B) (iii) اور (iv)

(C) (ii) اور (iii)

(D) (ii) اور (iv)

5۔ درج ذیل میں سے کس شاعر کا تعلق ترقی پسند تحریک سے ہے؟

(A) میراجی

(B) اخترالایمان

(C) ن۔م۔راشد

(D) فیض احمد فیض

6۔ ''سب رس'' میں ''تن'' کی حکومت کس کے سپرد کی جاتی ہے؟

(A) نظر کے

(B) عشق کے

(C) عقل کے

(D) دل کے

7۔ ''اُردو کا ابتدائی زمانہ'' کس کی کتاب ہے؟

(A) شمس الرحمٰن فاروقی

(B) مولوی عبدالحق

(C) جمیل جالبی

(D) وہاب اشرفی

8۔ کلیم عاجز کے شعری مجموعے کا کیا نام ہے؟

(A) نشاط روح

(B) وہ جو شاعری کا سبب ہوا

(C) آتش گل

(D) اسم اعظم

9۔ ''نظم'' کے لغوی معنیٰ کیا ہیں؟

(A) عورتوں سے باتیں کرنا

(B) موتی پرونا

(C) گاڑھا بنانا

(D) بین کرنا

10۔ ''امیر کیکاؤس'' کا تعلق کس تصور تنقید سے ہے؟

(A) مغربی

(B) مشرقی

(C) مارکسی

(D) یونانی

11۔ ذیل میں نظموں اور شعراء کے نام دیئے گئے ہیں، صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

| نظم | شعراء |
|---|---|
| 1۔ مناجات بیوہ | الف۔ اکبرالہ آبادی |
| 2۔ برق کلیسا | ب۔ جوش ملیح آبادی |
| 3۔ جنگل کی شہزادی | ج۔ میرا جی |
| 4۔ جاتری | د۔ حالی |

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | الف | د | ج | ب |
| (B) | ب | د | الف | ج |
| (C) | د | الف | ب | ج |
| (D) | ج | د | ب | الف |

12۔ ذیل میں درج دعویٰ اور دلیل کو غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

دعویٰ: جوش نے نو سال کی عمر میں شاعری شروع کی

دلیل: جوش کا پہلا شعر یہ ہے:

سیم و زر نان و نمک آب و غذا کچھ بھی نہیں

گھر میں اک خاموش ماتم کے سوا کچھ بھی نہیں

(A) دعویٰ غلط اور دلیل صحیح

(B) دعویٰ غلط اور دلیل بھی غلط

(C) دعویٰ صحیح اور دلیل بھی صحیح

(D) دعویٰ صحیح اور دلیل غلط

13۔ "اردوئے معلیٰ" کا تعلق کس صنف ادب سے ہے؟

(A) شاعری کی تنقید

(B) مکتوب نگاری

(C) زبان کی تاریخ

(D) لسانیات

14۔ نظم معریٰ سے متعلق بیانات کو بغور پڑھنے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

(i) نظم معریٰ اردو میں انگریزی ادب سے آئی ہے

(ii) رشید احمد صدیقی نے بے قافیہ نظم کے لیے نظم معریٰ کی اصطلاح کو رواج دینے کا مشورہ دیا

(iii) نظم معریٰ اردو میں ہندی ادب سے آئی ہے

(iv) نظم معریٰ میں قافیہ کی پابندی نہیں کی جاتی مگر بحر کے مقررہ اوزان استعمال ہوتے ہیں۔

(A) (ii) اور (iii)

(B) (i) اور (iii)

(C) (i) اور (iv)

(D) (ii) اور (iv)

15۔ اردو کی مختصر ترین طبع زاد نثری داستان کون سی ہے؟

(A) کربل کتھا

(B) بوستان خیال

(C) رانی کیتکی کی کہانی

(D) باغ و بہار

16۔ داستان کی خصوصیت کیا ہے؟ صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

(i) داستان میں حقیقت نگاری ہوتی ہے

(ii) داستان میں وحدت تاثر پایا جاتا ہے

(iii) داستان میں کہانی قصہ در قصہ چلتی ہے

(iv) داستان میں کہانی طویل اور پیچیدہ ہوتی ہے

(A) (ii) اور (iv)

(B) (iii) اور (iv)

(C) (i) اور (iv)

(D) (i) اور (ii)

17۔ ذیل میں داستان اور ان کے مصنفین کے نام دیے گئے ہیں۔صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

| داستان | مصنفین |
|---|---|
| 1۔ کربل کتھا | الف۔ انشاء اللہ خاں انشاء |
| 2۔ رانی کیتکی کی کہانی | ب۔ ملا وجہی |
| 3۔ بوستان خیال | ج۔ فضل علی خاں فضلی |
| 4۔ سب رس | د۔ میر محمد تقی خیال |

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | د | الف | ب | ج |
| (B) | ج | د | ب | الف |
| (C) | ب | د | الف | ج |
| (D) | ج | الف | د | ب |

18۔ الطاف حسین حالی نے ''حیات جاوید'' میں کس کی سوانح لکھی ہے؟

(A) مرزا غالب کی

(B) سر سید احمد خاں کی

(C) جاوید وشسٹ کی

(D) جاوید اقبال کی

19۔ وہ کون سا ڈراما ہے جو نظیر اکبر آبادی کی زندگی اور تخلیقات پر لکھا گیا؟

(A) شطرنج کے کھلاڑی

(B) پردۂ غفلت

(C) ضحاک

(D) آگرہ بازار

20۔ ڈراما ''اندرسبھا'' کی خصوصیت ہے کہ:

(i) اندرسبھا ایک مکمل منظوم ڈراما ہے لیکن اس کے مکالمے نثر میں ہیں۔

(ii) اندرسبھا ایک مکمل منظوم ڈراما ہے جس کے مکالمے بھی منظوم ہیں

(iii) اس میں پندرہ گیت ہیں۔

(iv) اس کا قصہ الف لیلہ سے ماخوذ ہے؟

(A) (ii) اور (iii)

(B) (i) اور (iv)

(C) (ii) اور (iv)

(D) (iii) اور (iv)

21۔ ذیل میں داستانوں اوران کے کرداروں کے نام دیئے گئے ہیں۔صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

| داستان | کردار |
| --- | --- |
| 1۔رانی کیتکی کی کہانی | الف۔خواجہ سگ پرست |
| 2۔سب رس | ب۔کنوراودے بھان |
| 3۔فسانۂ عجائب | ج۔رقیب |
| 4۔باغ وبہار | د۔ماہ طلعت |

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| (A) | ج | الف | د | ب |
| (B) | ج | د | ب | الف |
| (C) | الف | د | ج | ب |
| (D) | ب | ج | د | الف |

22۔ درج ذیل میں سے کس ناول میں پنجاب کی تہذیبی زندگی کی جھلک موجود ہے؟

(A) بستی

(B) فسانۂ آزاد

(C) ایک چادرمیلی سی

(D) آگ کا دریا

23۔ کس ڈرامے کو گیان چند جین نے سیاسی تمثیل قرار دیا تھا؟

(A) ضحاک

(B) خانہ جنگی

(C) سفیدخون

(D) رستم وسہراب

24۔ ذیل میں ڈراموں اور ڈرامہ نگاروں کی فہرست دی گئی ہے۔صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

| ڈرامہ | ڈرامہ نگار |
|---|---|
| 1۔ اندر سبھا | الف۔ آغا حشر کاشمیری |
| 2۔ انار کلی | ب۔ حبیب تنویر |
| 3۔ یہودی کی لڑکی | ج۔ امانت لکھنوی |
| 4۔ آگرہ بازار | د۔ امتیاز علی تاج |

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | الف | ج | د | ب |
| (B) | ج | د | الف | ب |
| (C) | د | ج | ب | الف |
| (D) | الف | د | ج | ب |

25۔ ان میں سے کون ناول ''آگ کا دریا'' کا کردار نہیں ہے؟

(A) ہری شنکر

(B) گوتم

(C) کندن

(D) کمال

26۔ ذیل میں درج ناول سے متعلق بیانات کو بغور پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

(i) ناول حقیقت سے بہت قریب ہوتا ہے

(ii) مکالمے ناول کی جان ہوتے ہیں

(iii) ایک کامیاب ناول کے لیے آدرش کرداروں کا ہونا لازمی ہے۔

(iv) ناول میں ایک قصے کا ہونا لازمی ہے

(A) (i) اور (iii)

(B) (i) اور (iv)

(C) (ii) اور (iii)

(D) (ii) اور (iv)

**درج ذیل نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور ان سے متعلق سوال 27 سے 31 تک کے جواب لکھیے۔**

’’آغا حشر کاشمیری نے انیسویں صدی کے آخری عشرے میں ناٹک لکھنا شروع کیا اور تھوڑے ہی عرصے میں اردو کے سب سے اچھے ڈراما نگار تسلیم کیے جانے لگے۔ انھوں نے بھی شیکسپیئر کے ڈراموں کو ہندوستانی بنا کر پیش کیا اور ایران کی داستانوں کو ناٹک کی شکل دی۔ وہ اُردو، فارسی اور انگریزی کے علاوہ ہندی بھی خوب جانتے تھے اس لیے وہ ہندی لفظ اور ہندی گیت بھی بڑے موزوں طریقے سے اپنے ناٹکوں میں لاتے تھے۔ ان کے کچھ ناٹک اُردو میں ہیں کچھ ہندی میں اور کچھ ملی جلی زبان میں ہے۔ انھوں نے سماجی مسائل کو بھی ناٹکوں میں جگہ دی۔ ان کے مشہور ناٹکوں میں ’سفید خون‘، ’ترکی حور‘، ’یہودی کی لڑکی‘، ’خوبصورت بلا‘، ’آنکھ کا نشہ‘، ’عورت کا پیار‘، ’سورداس‘، ’بلوا منگل‘، ’شرون کمار‘ اور ’سیتا بنواس‘ زیادہ مشہور ہیں۔‘‘

27۔ آغا حشر کاشمیری نے کس صدی میں ڈراما لکھنا شروع کیا؟

(A) بیسویں صدی

(B) انیسویں صدی

(C) اٹھارہویں صدی

(D) اکیسویں صدی

28۔ آغا حشر کاشمیری نے شیکسپیئر کے ڈراموں کو کیا بنا کر پیش کیا؟

(A) ایرانی

(B) ترکی

(C) انگریزی

(D) ہندوستانی

29۔ آغا حشر کاشمیری کس زبان کا گیت موزوں طریقے سے اپنے ناٹک میں استعمال کیا کرتے تھے؟

(A) انگریزی

(B) فارسی

(C) ترکی

(D) ہندی

30۔ آغا حشر کاشمیری نے کس مسئلے کو اپنے ناٹکوں میں جگہ دی؟

(A) لسانی مسائل

(B) فنی مسائل

(C) سماجی مسائل

(D) اداکاروں کے مسائل

31۔ آغا حشر کے مشہور ڈراموں میں شامل ہیں:

(A) عورت کا پیار، بلوا منگل، خانہ جنگی

(B) شرون کمار، سیتا بنواس، سوزداس

(C) ترکی حور، دارا شکوہ، سفید خون

(D) یہودی کی لڑکی، اورنگ زیب، انجام

(A) (iii) اور (iv)

(B) (i) اور (ii)

(C) (ii) اور (iv)

(D) (i) اور (iv)

32۔ قدیم ہند آریائی کا پہلا مستند نقش ہمیں کس وید کی کتاب میں ملتا ہے؟

(A) رگ وید

(B) یجروید

(C) اتھروید

(D) سام وید

33۔ پراکرت کا امتیاز یہ ہے کہ:

(i) وہ فطری زبانیں ہیں جو قواعد نویسوں کی جکڑ بندیوں کے سبب سنسکرت کے پہلو بہ پہلو وجود میں آئیں۔

(ii) وہ کسی دیگر زبان سے متاثر نہیں ہوئیں

(iii) وہ سنسکرت کی سب سے خالص شکل تھی

(iv) بدھ مذہب اور جین مذہب کی کتابوں اور مکتبات پر موجود ہیں۔

34۔ ذیل میں زبانوں کے نام اور لسانی خاندانوں کے نام دیئے گئے ہیں۔ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

| زبان | لسانی خاندان |
|---|---|
| 1- زولو | الف- سامی |
| 2- عبرانی | ب- دراوڑی |
| 3- اردو | ج- آفریقی |
| 4- تیلگو | د- ہند یوروپی |

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | ب | ج | الف | د |
| (B) | د | الف | ب | ج |
| (C) | ج | الف | د | ب |
| (D) | الف | ب | ج | د |

35- ''اُردو کھڑی بولی اور ہریانوی کی آمیزش سے نکلی ہے'' یہ کس کا قول ہے؟

(A) سہیل بخاری

(B) مسعود حسین خان

(C) سید سلیمان ندوی

(D) نصیرالدین

36- پراکرتوں کے ظہور کا زمانہ کیا ہے؟

(A) 500 قبل مسیح

(B) 250 قبل مسیح

(C) 1000 قبل مسیح

(D) 1500 قبل مسیح

37- ذیل میں صرفی اصطلاحات اور ان کی مثالیں دی گئی ہیں صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

| اصطلاحات | مثالیں |
| --- | --- |
| 1- ضمیر موصولہ | الف- مرزا غالب |
| 2- جنس غیر حقیقی | ب- وہ کتاب جو کل چوری ہو گئی تھی |
| 3- صفت | ج- شلوار |
| 4- اسم خاص | د- ذہین |

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| (A) | ج | الف | د | ب |
| (B) | د | ج | الف | ب |
| (C) | الف | د | ج | ب |
| (D) | ب | ج | د | الف |

38- دنیا بھر کی زبانوں کو کس بنیاد پر مختلف لسانی خاندانوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟

(A) سماجی، سیاسی اور مذہبی بنیاد پر

(B) صوتی، صرفی و نحوی بنیاد پر

(C) ملکی، نسلی و ثقافتی

(D) کثرت، شہرت اور وسعت کی بنیاد پر

39۔ اردو رسم خط کا امتیاز یہ ہے کہ:

(i) اسے "نستعلیق" طرز پر لکھا جاتا ہے جو فارسی زبان نے ایجاد کیا۔

(ii) اسے خالص عربی رسم الخط "نسخ" طرز پر لکھا جاتا ہے

(iii) اس کے اعراب و علامات عربی و فارسی سے مستعار لیے گئے۔

(iv) اس کے اعراب و علامات ترکی زبان سے لیے گئے ہیں۔

(A) (i) اور (iii)

(B) (i) اور (iv)

(C) (ii) اور (iii)

(D) (ii) اور (iv)

40۔ مثنوی "سحر البیان" کس وزن پر لکھی گئی ہے؟

(A) فعولن فعولن فعولن فعول

(B) فاعلن فاعلن فاعلن فاعلن

(C) مفعول مفاعیلن فعولن

(D) فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلات

41۔ ذیل میں درج دعویٰ اور دلیل کو غور سے پڑھئے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

(دعویٰ): اصطلاحی معنوں میں اردو قصیدہ، عربی قصیدے سے مختلف ہے۔

(دلیل): عربی قصیدے میں مبالغے کے ساتھ کسی کی مدح نہیں ہوتی

(A) دعویٰ غلط اور دلیل صحیح ہے۔

(B) دعویٰ غلط اور دلیل بھی غلط ہے۔

(C) دعویٰ صحیح اور دلیل بھی صحیح ہے۔

(D) دعویٰ صحیح اور دلیل غلط ہے۔

42۔ فارسی کے کس شاعر کی تقلید میں سودا نے اپنا مشہور قصیدہ "تضحیکِ روزگار" لکھا تھا؟

(A) خاقانی

(B) رودکی

(C) عرفی

(D) انوری

43- ابن نشاطی کی مثنوی ''پھول بن'' کی امتیازی خصوصیات میں سے یہ ہے کہ:

(i) ''پھول بن'' میں ایک قصہ دوسرے قصے کے اختتام پر شروع ہوتا ہے

(ii) ''پھول بن'' میں قصہ در قصہ کی تکنیک اختیار کی گئی ہے

(iii) ''پھول بن'' میں ابن نشاطی نے 66 مقامات پر 39 صنعتیں استعمال کی ہیں۔

(iv) ''پھول بن'' گولکنڈہ کی آخری مثنوی ہے۔

(A) (iii) اور (iv)

(B) (ii) اور (iv)

(C) (ii) اور (iii)

(D) (i) اور (iii)

44- مرثیہ نگار کی حیثیت سے میر انیس کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ:

(i) انھوں نے پہلی بار ہندوستانی اور سیکولر عناصر کو اپنے کلام میں جگہ دی۔

(ii) میر انیس کو منظر کشی میں ید طولیٰ حاصل ہے۔

(iii) میر انیس نے مرثیہ گوئی کے ساتھ مرثیہ خوانی کو بھی ایک فن بنا دیا۔

(iv) میر انیس نے غزل کی ہیئت میں مرثیہ لکھ کر ایک ہنگامہ برپا کیا۔

(A) (ii) اور (iv)

(B) (i) اور (iii)

(C) (iii) اور (iv)

(D) (ii) اور (iii)

45- ذیل میں مثنویوں اور ان کے کرداروں کے نام دیئے گئے ہیں۔ صحیح جوڑ کی نشان دہی کیجیے:

| مثنوی | کردار |
| --- | --- |
| 1- سحرالبیان | الف- بہرام |
| 2- قطب مشتری | ب- ملک آرا |
| 3- گلزارِ نسیم | ج- بدر منیر |
| 4- پھول بن | د- زہرہ |

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| (A) | ج | د | الف | ب |
| (B) | د | الف | ب | ج |
| (C) | الف | د | ج | ب |
| (D) | ب | ج | د | الف |

46۔ ذیل میں درج دعویٰ اور دلیل کو غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

دعویٰ: ''موازنۂ انیس و دبیر'' شبلی نعمانی کی ایک اہم تصنیف ہے۔

دلیل: اس موازنہ میں شبلی نے دبیر کو انیس پر ترجیح دی ہے۔

(A) دعویٰ صحیح اور دلیل غلط

(B) دعویٰ غلط اور دلیل بھی غلط

(C) دعویٰ صحیح اور دلیل بھی صحیح

(D) دعویٰ غلط اور دلیل صحیح

47۔ جدید غزل کے عناصر اربعہ یہ ہیں:

(A) فانی مومن اصغر جگر

(B) اصغر، جگر فانی حسرت

(C) فراق اصغر کلیم ولی

(D) حسرت مجروح جگر شاد

48۔ غزل سے متعلق دیئے گئے بیانات کو پڑھئے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

(i) غزل میں مثنوی کی طرح خیالات کا تسلسل ہوتا ہے

(ii) اردو غزل گوئی کی ابتدا فارسی شاعری کے اثر سے ہوئی

(iii) غزل کے اشعار موضوع کے اعتبار سے ایک دوسرے سے مختلف

(iv) غزل کے سب سے آخری شعر کو بیت الغزل کہتے ہیں

(A) (i) اور (iii)

(B) (iii) اور (iv)

(C) (ii) اور (iii)

(D) (ii) اور (iv)

49- ذیل میں شعری مجموعے اور شعرا کے نام دیئے گئے ہیں۔صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

| شعری مجموعے | شاعر کا نام |
|---|---|
| 1- اسم اعظم | الف- اصغر گونڈوی |
| 2- عشق نامہ | ب- فراق گورکھپوری |
| 3- نشاط روح | ج- شہریار |
| 4- گل نغمہ | د- عرفان صدیقی |

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | ج | د | الف | ب |
| (B) | د | ب | ج | الف |
| (C) | ج | ب | الف | د |
| (D) | ب | الف | ج | د |

50- ''ناٹک ساگر'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) عبدالعلیم نامی

(B) محمد عمر و نورالٰہی

(C) عشرت رحمانی

(D) ابراہیم یوسف

51- ''سب رس'' میں ''حسن'' کی سہیلی کا کیا نام ہے؟

(A) نظر

(B) غمزہ

(C) لٹ

(D) فریب

52- مرزا غالب سے متعلق دیئے گئے بیانات کو پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

(i) غالب کو اپنے اردو کلام کی بہ نسبت فارسی کلام زیادہ پسند نہیں تھا

(ii) غالب کے قصیدوں کی تعداد غزلوں سے بھی زیادہ ہے۔

(iii) غالب کی شعری بنیاد جدت طرازی پر ہے

(iv) غالب اپنا راستہ خود نکالتے تھے۔انھیں پائمال راہوں پر چلنے سے گریز تھا۔

(A) (i) اور (iii)

(B) (iii) اور (iv)

(C) (ii) اور (iii)

(D) (ii) اور (iv)

53۔ ذیل میں اصناف سخن کے نام اور مصرعوں کی گنتی دی گئی ہے۔ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

| اصناف سخن | مصرعوں کی گنتی |
|---|---|
| 1۔ مثمن | الف۔ پانچ |
| 2۔ مسدس | ب۔ تین |
| 3۔ مثلث | ج۔ چھ |
| 4۔ مخمس | د۔ آٹھ |

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | ج | د | الف | ب |
| (B) | د | ج | ب | الف |
| (C) | الف | و | ج | ب |
| (D) | ب | ج | د | الف |

54۔ ذیل میں درج دعویٰ اور دلیل کو غور سے پڑھئے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

دعویٰ: ''حیاتِ جاوید'' حالی کی سوانح عمریوں میں شاہکار ہے

دلیل: ''حیاتِ جاوید'' سے ماسوا حالی کی سوانح عمریوں میں جا بجا اسقام پائے جاتے ہیں۔

(A) دعویٰ اور دلیل دونوں غلط

(B) دعویٰ غلط اور دلیل صحیح

(C) دعویٰ صحیح اور دلیل غلط

(D) دعویٰ اور دلیل دونوں صحیح

55۔ ''اس آباد خرابے میں'' کس کی لکھی ہوئی خود نوشت ہے؟

(A) الطاف حسین حالی

(B) مسعود حسین خاں

(C) آلِ احمد سرور

(D) اختر الایمان

56. ان میں سے سوانح نگاری کے اوصاف کون کون سے ہیں؟

(i) سچائی، وضاحت اور نفسیاتی کیفیات پر توجہ دی گئی ہو

(ii) جس میں مبالغے کے ساتھ تعریف کی گئی ہو

(iii) جس میں زندگی کے اچھے برے، نرم وگرم، تلخ وشیریں واقعات بیان کیے گئے ہوں۔

(iv) جس میں محقق وغیر محقق دونوں طرح کے واقعات جمع کر دیئے گئے ہوں

(A) (ii) اور (iv)

(B) (i) اور (iii)

(C) (i) اور (ii)

(D) (iii) اور (iv)

57. فورٹ ولیم کالج میں شعبہ ہندوستانی کے پہلے پروفیسر کون تھے؟

(A) میرامن دہلوی

(B) جان گل کرائسٹ

(C) ٹامس روبک

(D) ترنی چندر مشرا

58. دبستانِ دہلی کے شعراء کے یہاں:

(i) طرز بیان سادہ اور سلیس ہوتا ہے

(ii) الفاظ کی نوک پلک سنوارنے اور زبان کی لطافت پر زور ہوتا ہے

(iii) جذبات حقیقی ہوتے ہیں، اس لئے سوز وگداز زیادہ ہوتا ہے

(iv) رعایت لفظی، مبالغہ آرائی اور معاملہ بندی پر زور ہے

(A) (i) اور (ii)

(B) (ii) اور (iv)

(C) (iii) اور (iv)

(D) (i) اور (iii)

59۔ ذیل میں کتابوں کے نام اور ان کے مصنفین کے نام دیئے گئے ہیں۔ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

| کتاب | | مصنف |
|---|---|---|
| 1۔ گنج خوبی | | الف۔ حیدر بخش حیدری |
| 2۔ باغ اُردو | | ب۔ نہال چند لاہوری |
| 3۔ توتا کہانی | | ج۔ میر شیر علی افسوس |
| 4۔ مذہب عشق | | د۔ میر امن دہلوی |

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | د | ج | الف | ب |
| (B) | الف | د | ج | ب |
| (C) | الف | ب | د | ج |
| (D) | ج | الف | ب | د |

60۔ درج ذیل دعویٰ اور دلیل کو غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

دعویٰ: اردو میں ایہام گوئی کو ہندی دوہوں کی اساس پر فروغ حاصل ہوا

دلیل: ہندی دوہوں میں ایہام کا چلن عام تھا

(A) دعویٰ صحیح اور دلیل غلط

(B) دعویٰ غلط اور دلیل بھی غلط

(C) دعویٰ غلط اور دلیل صحیح

(D) دعویٰ بھی صحیح اور دلیل بھی صحیح

61۔ دارالترجمہ کے زیر اہتمام پروفیسر محمد مجیب کی کون سی کتاب شائع ہوئی تھی؟

(A) تاریخِ مغلیہ

(B) قصص ہند

(C) تاریخ تمدن ہند

(D) تاریخ ایران

62- اصلاح زبان کے سلسلے میں شیخ امام بخش ناسخ نے:

(i) شاعری میں حشو وزوائد کے استعمال پر کڑی پابندی عائد کی۔

(ii) ہندی اور بھاشا کے الفاظ کے استعمال کو بڑھاوا دیا۔

(iii) نئے نئے مصادر اردو میں متعارف کرائے گئے۔

(iv) جمع بنانے کا دکنی قاعدہ ''اں'' کی بجائے ''یں'' بنایا گیا۔

(A) (ii) اور (iii)

(B) (i) اور (iv)

(C) (iii) اور (iv)

(D) (i) اور (iii)

63- ذیل میں درج دعویٰ اور دلیل کو غور سے پڑھئے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

دعویٰ: ہائیکو میں موضوعات کی کوئی قید نہیں۔

دلیل: کیونکہ یہ ایک طویل نظم ہوتی ہے۔

(A) دعویٰ غلط اور دلیل صحیح

(B) دعویٰ صحیح اور دلیل غلط

(C) دعویٰ اور دلیل دونوں غلط

(D) دعویٰ اور دلیل دونوں صحیح

64- ذیل کے کون کون سے عناصر کالم نگاری کے لیے ضروری ہیں:

(i) کالم میں مرصع ومقفٰی زبان کا استعمال لازمی ہے۔

(ii) کالم کے لیے موضوع کی قید نہیں۔

(iii) کالم میں ''ہم'' کے بجائے ''میں''، ''میرے''، ''میری رائے میں'' وغیرہ کا استعمال ہوتا ہے۔

(iv) اردو کے ہر مزاح نگار نے کالم نگاری کی ہے۔

(A) (ii) اور (iii)

(B) (i) اور (iii)

(C) (iii) اور (iv)

(D) (ii) اور (iv)

65۔ گارساں دتاسی نے سرسید کی کس کتاب کا فرانسیسی زبان میں ترجمہ کیا تھا؟

(A) اسباب بغاوت ہند

(B) خطبات احمدیہ

(C) سفرنامہ مسافران لندن

(D) آثار الصنادید

66۔ ترقی پسند تحریک کی امتیازی خصوصیات کیا ہیں؟

(i) تجربہ، ہیئت اور داخلیت پر زور دیا جائے

(ii) سماج سے زیادہ فرد پر زور ہونا چاہیئے

(iii) ادب کو قدامت پسندوں کے اجارے سے نکال کر عوام سے قریب لایا جائے

(iv) زندگی کی بنیادی حقیقتوں کا احترام کیا جائے

(A) (iii) اور (iv)

(B) (i) اور (iii)

(C) (i) اور (iv)

(D) (ii) اور (iii)

67۔ 'ثلاثی' کی قربت کس غیر ملکی صنف سخن سے ہے؟

(A) سانیٹ

(B) ترائیلہ

(C) ہائیکو

(D) ماہیہ

68۔ ذیل میں درج دعویٰ اور دلیل کو غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

دعویٰ: ترقی پسند تحریک کے زمانے میں رپورتاژ کو فروغ حاصل ہوا

دلیل: یہ صنف ترقی پسند تحریک کے عہد میں تمام نثری اصناف پر سبقت لے گئی۔

(A) دعویٰ غلط اور دلیل صحیح

(B) دعویٰ غلط اور دلیل بھی غلط

(C) دعویٰ صحیح اور دلیل غلط

(D) دعویٰ صحیح اور دلیل بھی صحیح

69- ذریعۂ ابلاغ میں حقیقت پر مبنی پیش کش کو کس زمرے میں لکھا جاتا ہے؟

(A) کالم

(B) فیچر

(C) پیروڈی

(D) ڈاکومینٹری

70- فیچر کے بارے میں بیانات غور سے پڑھئے اور صحیح جواب کی نشان دہی کیجیے:

(i) فیچر کا موضوع متعین ہوتا ہے

(ii) فیچر کی زبان میں تخلیقی شان ہوتی ہے

(iii) فیچر کے موضوع کا کوئی تعین نہیں ہوتا

(iv) فیچر صرف سیاسی موضوعات پر لکھے جاتے ہیں

(A) (ii) اور (iii)

(B) (i) اور (iii)

(C) (iii) اور (iv)

(D) (ii) اور (iv)

71- ایسے کالم کو کیا کہا جاتا ہے جس میں کالم نویس اپنا کالم کسی ایجنسی کو بیچ دیتا ہے؟

(A) ذاتی کالم

(B) خصوصی کالم

(C) رنگ برنگے کالم

(D) سنڈیکیٹ کالم

درج ذیل شعری حصے کا بغور مطالعہ کیجیے اور اس کی روشنی میں سوال 72 سے 76 تک کے سوالوں کا جواب لکھئے۔

یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصال یار ہوتا
اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا

ترے وعدے پر جئے ہم تو یہ جان چھوٹ جانا
کہ خوشی سے مر نہ جاتے اگر اعتبار ہوتا

تری نازکی سے جانا کہ بندھا تھا عہد بودا
کبھی تو نہ توڑ سکتا اگر استوار ہوتا

کوئی میرے دل سے پوچھے ترے تیر نیم کش کو
یہ خلش کہاں سے ہوتی جو جگر کے پار ہوتا

یہ کہاں کی دوستی ہے کہ بنے ہیں دوست ناصح
کوئی چارہ ساز ہوتا کوئی غم گسار ہوتا

غم اگر چہ جاں گسل ہے یہ کہاں بچیں کہ دل ہے
غم عشق گر نہ ہوتا غم روزگار ہوتا

72۔ درج بالا شعری حصے کا تعلق کس صنف شاعری سے ہے؟

(A) قصیدہ

(B) غزل

(C) مرثیہ

(D) مثنوی

73۔ اگر شاعر کو اعتبار ہوتا تو کیا ہوتا؟

(A) غم گسار ہوتا

(B) محبوب سے مل لیتا

(C) خوشی سے مرجاتا

(D) انتظار ہوتا

74۔ اس شعری حصے میں لفظ "ہوتا" بار بار استعمال کیا گیا ہے۔ شعری اصطلاح میں اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) مقطع

(B) مطلع

(C) قافیہ

(D) ردیف

75۔ اگر شاعر کو غم عشق نہیں ہوتا تو کیا ہوتا؟

(A) غم دوست

(B) غم روزگار

(C) غم ہستی

(D) وصال یار

76۔ اگر تیر جگر کے پار ہوتا تو کیا نہیں ہوتا؟

(A) خلش

(B) اعتبار

(C) نیم کش

(D) انتظار

77- ذیل میں ناول اور ناول نگاروں کی فہرست دی گئی ہے۔صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

| ناول | ناول نگار |
| --- | --- |
| 1- اُداس نسلیں | الف۔ عبدالحلیم شرر |
| 2- فائرایریا | ب۔ راجندر سنگھ بیدی |
| 3- ایک چادر میلی سی | ج۔ عبداللہ حسین |
| 4- فردوس بریں | د۔ الیاس احمد گدی |

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| (A) | ج | د | ب | الف |
| (B) | الف | د | ب | ج |
| (C) | الف | ب | ج | د |
| (D) | ب | الف | د | ج |

78- ذیل میں درج دعویٰ اور دلیل کو غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

دعویٰ: اردو کا پہلا ناول ''مراۃ العروس'' فنی اعتبار سے کم زور ہے

دلیل: ڈپٹی نذیر احمد نے یہ کتاب اپنے بچوں کی تربیت کے لیے لکھی تھی۔

(A) دعویٰ غلط اور دلیل صحیح

(B) دعویٰ غلط اور دلیلیں بھی غلط

(C) دعویٰ صحیح اور دلیل بھی صحیح

(D) دعویٰ صحیح اور دلیل غلط

79- ان میں سے افسانہ ''الاؤ'' کا کردار کون سا ہے؟

(A) ایشر سنگھ

(B) سندر لال

(C) سلیم الزماں

(D) پھگوا

80- ناول ''فردوس بریں'' سے متعلق بیانات کو غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

(i) ''فردوس بریں'' میں ایک طوائف کا قصہ بیان ہوا ہے

(ii) ''فردوس بریں'' عبدالحلیم شرر کا شاہکار ناول ہے

(iii) ''فردوس بریں'' کا سب سے متاثر کن کردار شیخ علی وجودی کا ہے

(iv) ''فردوس بریں'' تقسیم ملک کے ہنگاموں پر لکھا گیا ناول ہے۔

(A) (ii) اور (iii)

(B) (iii) اور (iv)

(C) (i) اور (iii)

(D) (ii) اور (iv)

81۔ ذیل میں افسانوں کے نام اور ان کے کردار دیئے گئے ہیں۔صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

| افسانہ | کردار |
|---|---|
| 1۔ ایک لڑکی | الف۔ اندو |
| 2۔ اپنے دکھ مجھے دے دو | ب۔ ایشر سنگھ |
| 3۔ ٹھنڈا گوشت | ج۔ جناح |
| 4۔ بتّل | د۔ مصری |

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | الف | ج | ب | د |
| (B) | ج | الف | ب | د |
| (C) | ب | الف | د | ج |
| (D) | ج | الف | د | ب |

82۔ درج ذیل میں سے کس زمرے کے کرداروں کا تعلّق گئودان سے ہے؟

(A) ہوری، دھنیا، گوبر

(B) ظاہر دار بیگ، کلیم، نعیمہ

(C) حسین، زمرد، شیخ علی وجودی

(D) روشن بیگ، نعیم، عذرا

83۔ ان میں سے تقسیم ملک کے موضوع پر کون سا افسانہ لکھا گیا ہے؟

(A) لحاف

(B) ہم وحشی ہیں

(C) نورونار

(D) اپنے دُکھ مجھے دے دو

84۔ افسانوی مجموعہ ''بابا لوگ'' سے متعلق بیانات پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

(i) یہ افسانوی مجموعہ پہلی مرتبہ سنہ 1969 میں شائع ہوا

(ii) اس افسانوی مجموعے کا موضوع تقسیم ملک کے ہنگامے اور کشمکش ہے

(iii) یہ غیاث احمد گدی کا تیسرا افسانوی مجموعہ ہے

(iv) اس مجموعہ میں کل نو افسانے ہیں۔

(A) (i) اور (iii)

(B) (iii) اور (iv)

(C) (ii) اور (iii)

(D) (i) اور (iv)

85۔ ''تنقید ادب کے ساتھ وہ سلوک کرتی ہے جو ڈاکٹر جسم کے ساتھ کرتا ہے۔'' یہ کس کا قول ہے؟

(A) ٹینی سن

(B) ایلیٹ

(C) ڈرائیڈن

(D) رچرڈسن

86۔ درج ذیل زمرے میں سے کس زمرے کی آوازیں ہندی نژاد یا ہندی الاصل آوازیں نہیں ہیں؟

(A) ف ز ژ

(B) ٹ ڑ ڈ

(C) بھ پھ تھ

(D) چھ ٹھ کھ

87۔ ذیل میں تنقید کے دبستان اور ان کے نمائندہ نقادوں کی فہرست دی گئی ہے۔ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

| تنقید کے دبستان | نمائندہ نقاد |
|---|---|
| 1۔ تاثراتی تنقید | الف۔ وزیر آغا |
| 2۔ مارکسی تنقید | ب۔ گوپی چند نارنگ |
| 3۔ نفسیاتی تنقید۔ | ج۔ عزیز احمد |
| 4۔ اسلوبیاتی تنقید | د۔ نیاز فتح پوری |

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | ب | د | ج | الف |
| (B) | ج | الف | د | ب |
| (C) | د | ج | الف | ب |
| (D) | الف | د | ب | ج |

88۔ اُردو کی ابتدا کو برج بھاشا سے منسوب کرنے کا نظریہ کس کا ہے؟

(A) حافظ محمود شیرانی

(B) نصیرالدین ہاشمی

(C) سید سلیمان ندوی

(D) محمد حسین آزاد

89۔ پالی زبان کا تعلق درج ذیل میں سے کس سے ہے؟

(A) دراوڑی

(B) عربی

(C) پراکرت

(D) فارسی

90۔ ان میں سے نفسیاتی تنقید کے نظریات کون کون سے ہیں؟

(i) ادب کو ایسے معیاروں سے پرکھنا چاہئے جن میں سائنس کی سی صحت، قطعیت اور غیر جانب داری ہو

(ii) تنقید کے سلسلے میں فن کار کی شخصی اہمیت کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔

(iii) ہماری زندگی میں شعور سے زیادہ لاشعور کی کارفرمائی

(iv) فن پارے میں موجود حسن و مسرت کے اجزاء تلاش کرنا چاہئے

(A) (i) اور (ii)

(B) (iii) اور (iv)

(C) (ii) اور (iii)

(D) (i) اور (iv)

91۔ ذیل میں کتابوں کے نام اور ان کے مصنفین کی فہرست دی گئی ہے۔ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

| تصنیف | مصنف |
|---|---|
| 1۔ طبقات الشعراء | الف۔ ابن رشیق |
| 2۔ الشعر والشعراء | ب۔ قدامہ ابن جعفر |
| 3۔ العمدۃ | ج۔ ابن قتیبہ |
| 4۔ نقد الشعر | د۔ محمد بن سلام الجمحی |

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | د | ج | الف | ب |
| (B) | الف | د | ج | ب |
| (C) | ج | ب | الف | ب |
| (D) | ج | الف | د | ب |

92۔ ذیل میں درج دعویٰ اور دلیل کو غور سے پڑھئے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

دعویٰ: شعرائے اردو کے تذکرے اردو میں تنقید کا نقش اولین ہے

دلیل: یہ باضابطہ اور مکمل تنقید کے نمونے ہیں

(A) دعویٰ صحیح اور دلیل بھی صحیح

(B) دعویٰ غلط اور دلیل بھی غلط

(C) دعویٰ غلط اور دلیل صحیح

(D) دعویٰ صحیح اور دلیل غلط

93۔ سنسکرت میں ''رس'' کا نظریہ سب سے پہلے کس نے پیش کیا؟

(A) اچاریہ بھامہ

(B) اچاریہ بھرت منی

(C) اچاریہ جئے دیو

(D) اچاریہ آنندوردھن

94۔ شاعری کے بارے میں ذیل میں سے کون کون سے نظریے شبلی نعمانی کی نمائندگی کرتے ہیں؟

(i) شاعری زندگی کو بہتر بنانے میں مددگار ہوسکتی ہے اور دنیا میں اس سے بڑے بڑے کام لیے گئے ہیں۔

(ii) حقیقت یہ ہے کہ شاعری یا انشاپردازی کا مدار زیادہ تر الفاظ پر ہی ہے۔

(iii) شاعری دو چیزوں کا نام ہے، محاکات اور تخیل

(iv) شاعری کا مقصد صرف اتنا ہے کہ پڑھنے والوں کو اس سے لذّت حاصل ہو

(A) (ii) اور (iii)

(B) (i) اور (ii)

(C) (i) اور (iii)

(D) (i) اور (iv)

95۔ کن ڈرامانگاروں کا تعلق پارسی تھیٹر سے رہا ہے؟

(A) سریندر ورما، موتی لال کیمو، سہراب مودی

(B) محمد مجیب، عابد حسین، آغا حشر کاشمیری

(C) پرتھوی راج کپور، حبیب تنویر، رادھے شیام کتھاواچک

(D) نرائن پرشاد بیتاب، آغا حشر کاشمیری، فدا حسین نرسی

96۔ انشائیے میں ذیل کی کون کون سی خصوصیات پائی جاتی ہیں؟

(i) انشائیہ ذہن کو بوجھل اور طبیعت میں گرانی پیدا کرتا ہے

(ii) انشائیے میں اختصار اور عدم تکمیل کا احساس ہوتا ہے

(iii) انشائیہ غیر منظم ادب پارہ ہے

(iv) انشائیے میں باقاعدہ آغاز، ارتقا اور تکمیل ہوتی ہے۔

(A) (i) اور (iv)

(B) (ii) اور (iv)

(C) (ii) اور (iii)

(D) (iii) اور (iv)

97۔ ذیل میں اصناف سخن اور زبانوں کی فہرست دی گئی ہے۔ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

| اصناف سخن | زبان |
|---|---|
| 1۔ ترائیلے | الف۔ جاپانی |
| 2۔ رباعی | ب۔ اٹلی |
| 3۔ ہائیکو۔ | ج۔ فرانسیسی |
| 4۔ سانیٹ | د۔ عربی |

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | ج | د | الف | ب |
| (B) | د | الف | ب | ج |
| (C) | الف | د | ج | ب |
| (D) | ب | ج | د | الف |

98۔ ذیل میں درج دعویٰ اور دلیل کو غور سے پڑھئے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

دعویٰ: اردو مزاح نگاری میں پطرس بخاری کو بلند مقام حاصل ہے

دلیل: پطرس بخاری نے یہ مقام اپنی بسیار نویسی کی وجہ سے حاصل کیا

(A) دعویٰ بھی غلط اور دلیل بھی غلط

(B) دعویٰ غلط اور دلیل صحیح

(C) دعویٰ صحیح اور دلیل بھی صحیح

(D) دعویٰ صحیح اور دلیل غلط

99۔ ''رباعی'' کی خصوصیت یہ ہے کہ:

(i) مضمون اچھوتا، خیال بلند اور انداز بیان دل کش ہو

(ii) اس کے چاروں مصرعے ہم قافیہ وہم ردیف ہوتے ہیں

(iii) اس کی صرف ایک بحر مختص ہے

(iv) یہ ہندوستانی صنف سخن ہے

(A) (i) اور (iv)

(B) (ii) اور (iii)

(C) (i) اور (iii)

(D) (iii) اور (iv)

100۔ ''غبارِ خاطر'' کے بارے میں ذیل کے کون کون سے جملے صحیح ہیں؟

(i) یہ خطوط قلعہ احمد نگر میں قید کے زمانے میں لکھے گئے

(ii) یہ خطوط مکتوب الیہ تک نہیں پہنچے تھے۔

(iii) یہ خطوط شائع کرنے کی غرض سے لکھے گئے تھے

(iv) ان خطوط میں ایک بھی شعر کا استعمال نہیں کیا گیا

(A) (i) اور (ii)

(B) (i) اور (iii)

(C) (ii) اور (iii)

(D) (ii) اور (iv)